## سوال

(51) کلموں کی تعداد

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کلمہ جیسے کلمہ طیبہ لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ ہے جیسے سننے میں آیا ہے کہ کلمے چھ ہیں : کلمہ شہادت کلمہ تمجید کلمہ ردکفر وغیرہ چھ کلمے کے بارے میں تفصیل سے بیان کریں کیا چھ کلمے حدیث میں وارد ہیں کہ نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

چھ کلمے مرتب صورت میں نہیں البتہ متفرق صورت میں ان کے اکثر وبیشتر الفاظ ثابت ہیں۔ 1

---

1. مروجہ چھ کلمے معنی کی مناسبت سے باقاعدہ الگ الگ عنوان کے تحت مثلاً کلمہ تمجید اور ردکفر وغیرہ قرآن وسنت کی نصوص سے بالکل ثابت نہیں یہی وجہ ہے کہ ان کی معنوی مناسبت ہی کی بنا پر نکاح کے موقع پر بعض جاہل علماء میاں بیوی کو پڑھاتے ہیں صرف کلمہ توحید ورسالت کفر سے اسلام میں داخلہ کے لئے نصاً ثابت ہے اس اعتبار سے بقیہ کلمے خود ساختہ ہیں۔ جن کی شریعت میں کوئی پابندی نہیں۔ (حافظ عبدالشکور مدنی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

# ج1ص229

محدث فتویٰ